## سوال

(784) قضاء شدہ نمازیں ترتیب سے پڑھنا

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ایک دو نمازیں قضاء ہوجائیں توان نمازوں کی ادائیگی میں ترتیب ملحوظ رکھنا اس کے ادا ہونے کی شرط ہے، یا واجب ہے، یا سنت ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

حتی المقدور قضاء شدہ نمازوں کو ترتیب سے پڑھنا ضروری ہے۔ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں :

'وَالأَكثَرُ عَلٰی وُجُوبِهٖ مَعَ الذِّكرِ، لَا مَعَ النِّسيَانِ' (فتح الباري : ۲/ ۷۰)

''اکثر علماء کا کہنا ہے کہ یاد کی صورت میں ترتیب ضروری ہے۔ بھول کی صورت میں نہیں۔'' تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! (مجموع فتاویٰ سماحة الشیخ ابن باز : ۴/ ۴۳۸۔ ۴۴۳) (فتاویٰ اہل حدیث : ۲/ ۸۶۔)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 659**

محدث فتویٰ